PROVINCIAL ASSEMBLY OF KHYBER PAKHTUNKHWA

No.PA/Khyber Pakhtunkhwa/Legis-I(R)/2024/15 31
Dated Peshawar, the 26 / 07/2024.

MOST IMMEDIATE
ASSEMBLY BUSINESS

To,

The Secretary to Government of Khyber Pakhtunkhwa,
Inter Provincial Coordination Department

Subject: - **JOINT RESOLUTION No.50 ADOPTED BY THE PROVINCIAL ASSEMBLY OF KHYBER PAKHTUNKHWA.**

Dear Sir,

I am directed to say that the Provincial Assembly of Khyber Pakhtunkhwa in its sitting held on **23-07-2024** passed unanimously the following Resolution No. **50** moved by Mr. Muhammad Sohail Afridi, Mr. Aftab Alam, Minister for Law, Mr. Akbar Ayub Khan, Mr. Sher Ali Afridi, Mr. Ikram Ullah, Mr. Muhammad Yamin, Mr. Muhammad Azam Khan, Mr. Shafi Ullah Jan, Mr. Tariq Saeed and Mr. Akhtar Khan, Members Provincial Assembly Khyber Pakhtunkhwa as follows:-

چونکہ گزشتہ دو سال کے واقعات، حادثات اور سانحات نے ثابت کیا کہ اس دھرتی کے سپوت اور دلیر بیٹے مراد سعید کی ہر بات سچ ثابت ہوئی۔اس نے پوری قوم کے عظیم تر مفاد میں مملکت خداداد پاکستان کو آنے والے خطرات سے خبر دار کیا تھا۔اگست 2022ء اور اکتوبر 2022ء کی امن تحریک اور واقعات نے ایک طرف فیصلہ سازوں کی غلط پالیسیوں کو بے نقاب کیا تو دوسری طرف دہشت گردی کی تاریخ میں پہلی دفعہ یہ بھی پیغام ملا کہ ایک نوجوان نے قوم کو متحد کر کے ایک قطرہ خون بہائے بغیر امن کو بحال کرنے کی بھرپور کوشش کی۔مراد سعید صاحب کی ملک سے بے لوث محبت کو غداری قرار دیا گیا ہے اور بے جا بغاوت کے مقدمات درج کئے گئے لیکن اس نے سیاست، قومیت، لسانیت اور مفادات سے بالاتر ہو کر اپنی جان ہتھیلی پر رکھ کر قوم کو متحد کر کے پورے ملک کو امن کا پیغام دیا اور پاکستان کا سبز ہلالی پرچم بلند کر کے ثابت کیا کہ وہ حق پر تھا اور اپنے وطن کی خاطر سب کچھ کر گزرنے سے دریغ نہ کیا۔وقت نے ثابت کیا کہ آج ملاکنڈ اور پشاور ریجن میں جو امن ہے اور لوگ اپنے گھروں میں سکون سے رہ رہے ہیں تو یہ اس نوجوان کی کاوشوں کی مرہون منت ہے۔ملاکنڈ میں امن کے قیام کے بعد مراد سعید نے جنوبی اضلاع میں دہشت گردی کی آنے والی لہر کے بارے میں آگاہ کرتے ہوئے امن تحریک کا آغاز کیا لیکن اس کو حکومت وقت اور فیصلہ سازوں نے روپوشی پر مجبور کیا۔اب جب وہاں حالات خراب ہو چکے ہیں اور مراد سعید کی بات ٹھیک ثابت ہوئی ہے تو اس پر بھی قوم سے معافی مانگ کر امن کے قیام کے حوالے سے واضح پالیسی دی جائے۔

لہذا یہ اسمبلی صوبائی حکومت سے سفارش کرتی ہے کہ وہ وفاقی حکومت سے اس امر کی سفارش کرے کہ مراد سعید صاحب کے خلاف بنائے گئے تمام جعلی مقدمات ختم کر کے اس کو سیکورٹی مہیا کی جائے اور امن کی بحالی و خدمات پر ان کو تمغہ شجاعت سے نوازا جائے۔کیونکہ اس وقت ضرورت اس امر کی ہے کہ اس جیسے نوجوانوں کو سراہا جائے اور انکی خدمات کو تسلیم کیا جائے۔نیز یہ اسمبلی یہ بھی مطالبہ کرتی ہے کہ جناب مراد سعید صاحب کو فی الفور منظر عام پر لایا جائے اور ان کی سیکیورٹی و حفاظت کو یقینی بنا کر تمام جعلی و بے بنیاد مقدمات ختم کئے جائیں۔

I am further directed to say that under sub-rule (3) of rule 135 of the Provincial Assembly of Khyber Pakhtunkhwa Procedure and Conduct of Business Rules, 1988 the Department concerned of the Government shall report to the Assembly Secretariat about the action taken on the resolution within a period of two months from the date of its communication.

Your faithfully,

(MUHAMMAD SHARIF KHAN)
Assistant Secretary-IV,
Provincial Assembly of Khyber Pakhtunkhwa